Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۳۹	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۱ رذیقعد سنہ ۱۳۴۵ھ مطابق ۲۳ رمئی سنہ ۱۹۲۷ء	نمبر ۲۱

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تقرر حکیم ظہیر الحسن صاحب پیشکاری اجلاس جناب ولیعہد بہادر دام اقبالہم	۲و۱
۲	رخصت منشی سجاد حسین	۲
۳	[illegible] ملازمان	۵
۴	تبدیل اللہ بخش [illegible] مدارس	۳و۲
۵	اضافہ [illegible] صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت	۳
۶	رخصت [illegible] اوورسیر	۵
۷	رخصت [illegible] صاحب	۵
۸	[illegible]	۳و۵
۹	[illegible]	۳
۱۰	[illegible] منظور شدہ	۵
۱۱	اضافہ [illegible] ملازمان	۵
۱۲	[illegible] پرائیوٹ گاڑیان	۵
۱۳	[illegible] سپاہی	۳و۵
۱۴	[illegible]	۵
۱۵	[illegible]	۴و۵
۱۶	[illegible] مال مسروقہ	۴
۱۷	[illegible]	۵
۱۸	[illegible]	[illegible]
۱۹	[illegible] اشتہارات	ضمیمہ

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

تقرر

۵ رمئی سنہ ۱۹۲۷ء

کاغذات ملاحظہ ہوئے حکیم ظہیر الحسن حکم نویس اجلاس ہمایون کا تقرر بجائے شوکت علیخان پیشکار اجلاس نواب ولیعہد بہادر منظور ہے۔ باون روپیہ تنخواہ صیغہ پرنسز ہاؤس جو لڈ سے اور بیس روپیہ ماہوار الاونس صیغہ سکریٹریٹ سے پاوینگے۔ اجلاس ہمایون سے متعلق تنخواہ کا عملدرآمد یکم مئی سنہ ۱۹۲۷ء سے کیا جاوے اور صیغہ سکریٹریٹ سے الاونس ۵ رمئی سنہ ۱۹۲۷ء سے دیا جاوے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۹ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

مبنیٔ رپورٹ صاحب یونیو سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت چھ ماہ رعایتی منشی سجاد حسین نگران کتب مذہبیہ محافظ خانہ کلیات برائے ادائے فریضۂ حج مع تنخواہ بوجہ کمی زادراہ۔

حکم

فریضۂ حج کے واسطے چھ ماہ کی رخصت مع تنخواہ منظور ہے۔ عرصۂ گذارے کے کام بلا تنخواہ عملہ موجودہ سے کیا جائے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم و دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اسمائے تخفیف شدہ

۹ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

مبنیٔ عرضداشت عالیجناب ولیعہد بہادر دام اقبالہم معہ تجویز

حکم

منظور ہے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ حکم مع فہرست ملازمان تخفیف شدہ درج گزٹ ہو۔

حسب الحکم و دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم بقلم

نمبر عرض نمبر سانحہ

جناب عالی

صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات نے رپورٹ کی ہے کہ ملازمان تخفیف شدہ محکمہ تعمیر جو حق ہیں انکو بنظر استحقاق ملازمت و پرورش سرکار دولتمدار بہبیہ جو جگہیں خالی ہوں دیجائیں۔ فہرست تخفیف شدہ ملازمان مع رپورٹ حضور میں پیش ہے۔ اُمید کہ جملہ سکریٹری صاحبان بہادر کو بذریعہ گزٹ اطلاع بخشی جائے کہ اپنے اپنے ڈیپارٹمنٹ میں تخفیف شدہ ملازمان کو پہلے جگہ دیدیں۔ آئندہ دوسرے امیدواروں کو جگہ دیجائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت جاوید باد

[illegible] ولیعہد بہادر

فہرست تخفیف شدہ اہل قلم ملازمان صیغۂ تعمیرات بجلی گھر ریاست رامپور

نمبر شمار	نام ملازم	عہدہ	نام صیغہ	نمبر شمار	نام ملازم	عہدہ	صیغہ
۱	منشی امجد بہار پرشاد	سب اوورسیر	تعمیرات	۲	منشی [illegible] بہار [illegible]	سب اوورسیر	تعمیرات
۳	منشی غلام دستگیر خان	ایضاً	ایضاً	۴	منشی مسعود علی خان	ایضاً	ایضاً
۵	منشی جگموہن لال	کلرک	ایضاً	۶	منشی حسین [illegible]	کلرک	ایضاً
۷	منشی [illegible] خان	[illegible]	تعمیرات	۸	منشی عظمت [illegible]	محرر گودام	تعمیرات
۹	منشی سندر لال	اسٹورکیپر	ایضاً	۱۰	منشی محمد سعید خان	ہیڈ کلرک	بجلی گھر
۱۱	بابو غلام کبیر خان	کلرک	بجلی گھر	۱۲	بابو رگھونندن شاہ	کلرک	ایضاً
۱۳	بابو راج بہادر	ایضاً	ایضاً	۱۴	حبیب اللہ	انجن ڈرائیور	ایضاً

شمول الاؤنس در تنخواہ

۱۰ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

بموجب رپورٹ منشی صادق حسین انسپکٹر و سید مظفر علی ڈپٹی انسپکٹر کا الاؤنس پندرہ روپیہ ماہوار شامل تنخواہ کیا جانا منظور ہے۔ اب منشی صادق حسین انسپکٹر کو [illegible] روپیہ تنخواہ اور سید مظفر علی ڈپٹی انسپکٹر کو پینتالیس روپیہ تنخواہ ملیگی اور معمولی و غیر معمولی دورہ کے لئے دونوں کے واسطے دو سو روپیہ سالانہ کی تخمینی رقم منظور کیجاتی ہے کاغذات بغرض اجرائے احکام واپس ہوں یکم مئی سنہ ۱۹۲۶ء سے اسکا عملدرآمد کیا جائے۔

حسب الحکم و دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم بقلم

نمبر عرض نمبر سانحہ

جناب عالی

منشی صادق حسین انسپکٹر مدارس کو [illegible] تنخواہ اور [illegible] ماہوار الاؤنس اور سید مظفر علی ڈپٹی انسپکٹر مدارس کو [illegible] تنخواہ اور [illegible] ماہوار الاؤنس ملتا ہے ہر دو انسپکٹر صاحبان نے درخواست اضافہ پیش کی ہے۔ زمانہ سابق میں منشی عبدالرحیم خان انسپکٹر کو [illegible] تنخواہ اور [illegible] ماہوار الاؤنس اور چپڑاسی گنگا پرشاد کو [illegible] تنخواہ اور [illegible] الاؤنس ملتا تھا۔ اس اعتبار سے کہ بمقابلہ اُس زمانہ کے گرانی بھی ہے۔ اور ہر عہدہ کی تنخواہوں میں اضافہ ہو گیا۔ موجودہ انسپکٹر صاحبان ضرور مستحق ترقی تنخواہ ہیں۔ بہ نسبت ترقی تنخواہ یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ موجودہ الاؤنس ہر دو انسپکٹر صاحبان کی تنخواہوں میں شامل کر دیا جائے۔ اور دورہ کے لئے مستقل الاؤنس نہ دیا جائے بلکہ حسب قواعد مقررہ ریاست سفر خرچ وابستہ دیا جائے اس صورت میں انسپکٹر صاحبان کو دورہ کی ترغیب بھی ہوگی اور بجٹ پر بھی زیادہ بار نہ ہوگا کیونکہ ہر انسپکٹر سال میں ایک ماہ کا دورہ کرینگے اور اس ایک ماہ میں کل مدارس کا معائنہ لزوماً کرینگے اور ایک ماہ کے دورہ کا صرف تقریباً [illegible] ہوگا۔ لہذا دونوں انسپکٹران کے معمولی دورہ صرف [illegible] ہوگا۔ اور غیر معمولی دورہ کا اگر زیادہ سے زیادہ [illegible] سالانہ فرض کر لیا جائے تاہم [illegible] سالانہ سے زیادہ صرف نہ ہوگا اور کام میں بھی خوش اسلوبی ہو جائیگی۔ لہذا عرضداشت ہذا بامید صدور حکم منظوری ارسال اجلاس ہمایوں ہے۔

دولت و اقبال جاوید باد

[illegible]

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
واقع ۱۰ مئی سنہ ۱۹۲۰ء

خان بہادر سید جمیل احمد صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت و تجارت کی تنخواہ مین ہر سال تیس روپیہ ماہوار کا اضافہ بر جب ٹائم اسکیل طے ہوچکا ہے اور یکم مئی سے واجب ہوتا ہے۔ لہذا یکم مئی سنہ ۱۹۲۰ء سے انکی موجودہ تنخواہ تعدادی نو سو بیس روپیہ ماہوار مین تیس روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہو۔ تاریخ مذکورہ سے انکو مبلغ نو سو پچاس روپیہ ماہوار تنخواہ ملیگی۔ اسکے علاوہ حق پنشن بحساب چہارم تنخواہ حسب قاعدہ خزانہ مرادآباد مین داخل ہوا کریگا۔ اور اسکی تعداد یکم مئی سنہ ۱۹۲۰ء سے مبلغ دو سو سینتیس روپیہ آٹھ آنہ ماہوار ہوگی۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
رخصت
۱۱ مئی سنہ ۱۹۲۰ء

مثبتہ رپورٹ صاحب فائننشل سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت دو ماہ منشی نسیم الزمان خان سب اڈیٹر آدت بوجہ علالت و تقرر نیاز احمد خان بمشاہرہ دس روپیہ بعوض خدمت رخصتی اور ملے بقیہ وظیفہ [illegible] روپیہ رخصتی کو۔

حکم

منشی نسیم الزمان سب اڈیٹر کی رخصت دو ماہ حسب رپورٹ منظور ہے دس روپیہ ماہوار نامبردہ کی تنخواہ سے عوض خدمت کو ملینگے۔ بقیہ سب اڈیٹر پائیگا۔

احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت
۱۰ مئی سنہ ۱۹۲۰ء

مثبتہ رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت

بیگاہ لیڈی ڈاکٹر کی بوضع تنخواہ برائے علاج لقوہ۔

حکم

ایک ماہ کی رخصت بوضع تنخواہ منظور ہے۔ کاغذات صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس بغرض اجراء احکام مرسل ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
واقع ۱۳ مئی سنہ ۱۹۲۰ء

کچھ عرصہ سے ملازمان محافظ خانہ کی بے عنوانیون کے باعث وہان کی حالت انتظام طلب ہے۔ حال مین محافظ خانہ محالات کی کچھ مثلین گم ہوگئین اور کچھ پھاڑی گئین جلائی گئین۔ یہ ایک نہایت بڑا اور شرارت آمیز فعل تھا جو سرزد ہوا۔ کوئی عینی شہادت نہین ہے کہ کسنے ایسا کیا۔ لیکن قرائن اسکے متقضی ہین کہ یہ کام عملہ محافظ خانہ کا ہے کسی غیر کا وہان ایسے وقت تک گذر نہین ہوسکتا۔ تخمیناً ہی کو بھی اس معاملہ کا علم تھا جیساکہ صاحب ہوم سکریٹری بہادر نے مفصل طور سے ظاہر کیا ہے۔ اور منصبان امجد حسین خان و امید علی خان اور نیاز حسین خان ملازمان محافظ خانہ کو مثلون کے نقصان کا ذمہ دار قرار دیا ہے۔ اور وہ صدر مین زیر حراست لئے گئے ہین۔ ان تینون کی موقوفی کی استدعا کی ہے۔ اور حامد علیخان محافظ دفتر و ہزاری لال نائب محافظ دفتر کو بھی محافظ خانہ سے بہ تنزل بدل دیجئے۔ اور یہ کہ آئندہ محافظ خانہ کلیات و محالات دونون سید گلزار حسین محافظ دفتر کی نگرانی مین رہین۔ جیساکہ پہلے کسی وقت ایک شخص کی نگرانی مین دے دی ہو۔ چونکہ محافظ خانہ ایک خاص اہمیت رکھتا ہے اسلئے وہان اس بارے سختی سے انتظام کی ضرورت ہے۔ لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ منصبان امجد حسین خان و امجد علیخان اور نیاز حسین خان ملازمت سے برخاست کئے جائین اور نگرانی صدر سے چھوڑ دیے جائین۔ حامد علی خان محافظ دفتر اور ہزاری لال محافظ دفتر بھی برخاست کردیے جائین۔ اور دونون محافظ خانہ کلیات و محالات دونون سید گلزار حسین محافظ دفتر کے چارج مین رہین۔ اور سید گلزار حسین کی موجودہ تنخواہ مین دس روپیہ ماہوار اضافہ کیا جائے۔ اور انکو ایک آدمی انکے اعتبار کا دیا جانا منظور ہے۔

سید علی سجاد کو انہون نے پیش کیا ہے بمشاہرہ پچیس روپیہ ماہوار نائب محافظ دفتر مقرر کیا جائے۔ جو مثلین گم ہین انکے نسخے تیار کرائے جائین۔ لیکن انکی تلاش بدستور جاری رہے۔ محافظ خانہ مین اگر دوسرے دفاتر کی گزرگاہ ہو تو وہ راستے مسدود کردیے جائین۔ اور محافظ خانہ کے ملازمین کے واسطے بھی آمد برآمد کا ایک ہی راستہ

رکھا جائے۔ تاکہ کسی دوسرے راستے سے نہ نکلیں۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض کارروائی و اجرا احکام صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

بمنشا حکم اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہون۔ محمد رضا خان پیشکار اسسٹنٹ قایم مقام محافظ دفتر اپنے عہدہ پیشکاری اسسٹنٹی پر واپس ہون۔ اور امجد علیخان و امجد حسین خان و نیاز حسین کی جگہ پر تقرر ہوے ہین اُنکے تقرر کی چند ماہ کے لئے سر دست منظور کئے جاتے ہین۔ اور چند ماہ کی رپورٹ پیش ہونے پر کہ کام کیسا کیا۔ تب مستقلی کی بابت حکم مناسب ہوگا۔ ۱۵ مئی ۱۹۲۷ء

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۳ مئی ۱۹۲۷ء

ہم دیکھتے ہین کہ ہمارے متعلقہ صیغون مین اکثر بجٹ کی کمی ہو گئی ہے۔ اور توسیع بجٹ کی درخواستین آرہی ہین بالخصوص ہوٹل اور میونسپلٹی مین توسیع بجٹ کی خواہش ہے۔ یہ طریقہ نہایت نامناسب ہے کہ مقررہ بجٹ سے مصارف زیادہ کئے جائین بلکہ بہتر ہوتا ہے کہ بجٹ سے کم مصارف ہون جہانتک ممکن ہو بجٹ منظور شدہ ہی مین انتظام رکھا جائے اور توسیع بجٹ کی بمشکل عالیکیجائے اگرچہ یہ مصارف بحکم سرکار ناگزیر ہوگئے ہون تو مجبوراً اسکے متعلق رپورٹ کیجائے اور وہ اس حالت مین کہ جب بجٹ مین گنجایش بالکل نہو لہذا

حکم ہوا کہ

اصل روبکار برائے اجرء صدر کو مرسل ہو۔ ایک ایک نقل پاس صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات و انہار و ملیٹری سکریٹری بہادر و صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے مرسل ہو اور ایک نقل روبکار برائے اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۵ مئی ۱۹۲۷ء

تین کس موٹر ڈرائیوران بموجب تفصیل ذیل (۱) حکیم اللہ (۲) بشیر خان (۳) دولتخان ملازم تھے

بجائے اسکے موٹر ڈرائیوران مندرجہ نمبر ۱ و نمبر ۳ برخاست ہوگئے۔ ہوشیار موٹر ڈرائیور بوجہ کمی تنخواہ دستیاب نہین ہوتے اور جو جدید موٹر ڈرائیور کم تنخواہ پر رکھے جاتے ہین وہ موٹرونکا نہایت نقصان کرتے ہین جسمین کثیر نقصان سرکاری ہوتا ہو لہذا یہی بہتر و مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہر سہ موٹر ڈرائیوران کی مساوی تنخواہ پچاس پچاس روپیہ ماہوار کردیجائے۔ لہذا حکیم اللہ موٹر ڈرائیور کی تنخواہ مین آٹھ روپیہ اضافہ کر کے یکم مئی ۱۹۲۷ء سے پورے پچاس روپیہ کی تنخواہ کردیجائے۔ بقیہ دو موٹر ڈرائیور بموجب تفصیل ذیل (۱) محمد علی (۲) سید محمود عرف چندا میان کہ جو نہایت ہوشیار ہین مشاہرہ پچاس پچاس روپیہ یکم مئی ۱۹۲۷ء سے تقرر منظور کیا جاتا ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ صدر سے جاری ہون ایک نقل روبکار درج گزٹ کیجائے۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۵ مئی ۱۹۲۷ء

اکثر دیکھا جاتا ہے کہ پرائیوٹ گاڑیان، تانگون، سائیکلون اور موٹرون مین بعد غروب آفتاب روشنی نہین ہوتی جسکی وجہ سے اکثر تصادم واقع ہوتا ہے اور جان و مال کے نقصان کا اندیشہ رہتا ہے۔ اسکے انسداد کے لئے ملازمان پولیس باوردی کو سخت ہدایت کیجاتی ہے کہ وہ ایسی سواری کو فوراً روک کر ڈرائیور کا پورا پتہ اور نام لکھکر اجلاس مین بھیجدیا کرین کسی قسم کی رعایت مروت ہرگز نکرین۔ اجلاس سے اُنپر جرمانہ وغیرہ تجویز کیا جائیگا جسکی تعداد پندرہ روپیہ تک ہو سکتی ہے۔ روشنی اس طریقہ پر ہوگی کہ موٹر مین دو جگہ سامنے اور ایک جگہ پیچھے بگہی اور تانگہ وغیرہ مین دو روشنیان رہینگی اور بائیسکل مین صرف سامنے ایک روشنی ہوگی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل روبکار ہذا کی پاس جملہ سکریٹری صاحبان بہادر اور صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس اور ایک نقل برائے اندراج گزٹ و اطلاع عام کے بھیجدیجائے۔ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۷ مئی ۱۹۲۷ء

بملاحظہ عرضداشت اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول شہر منسلکہ روبکار ہذا واضح ہوا کہ

جگندر بہادر انسپکٹر آبکاری پر چار سو روپیہ جرمانہ ادا و بحالت عدم ادائے جرمانہ ایک ماہ قید سخت اور مسمے عبدالمجید سپاہی پر دو سو روپیہ جرمانہ بالا اور بحالت عدم ادائے جرمانہ تین ہفتہ قید بہ ثبوت جرم دفعہ ۱۹ قانون افیون و مسکرات سزایاب ہوئے۔ چونکہ سزایافتہ کا ملازم رکھنا مناسب نہیں ہے لہذا حسب ذیل انتظام کیا جاتا ہے۔

نمبر ۱- جگندر بہادر انسپکٹر آبکاری معطل شدہ برخاست کیا جائے اور آبکاری میں انسپکٹر و سب انسپکٹر کافی ہیں فی الحال یہ جگہ تخفیف کیجائے۔

نمبر ۲- عبدالمجید سپاہی آبکاری معطل شدہ برخاست ہو۔ اگر آبکاری میں سپاہیان کافی ہوں تو یہ جگہ بھی تخفیف کیجائے۔

نمبر ۳- دیگر ملازمان آبکاری کو ہدایت کیجائے کہ آیندہ ایسے مقدمات ناجائز چلا کر کہ جنکا یہ نتیجہ ہوا۔ اس سے یہ منشا نہیں ہے کہ ملازمان آبکاری اپنے فرض منصبی کو چھوڑتے ہوئے انسداد خفیہ فروشی میں کم توجہی کریں۔ بلکہ پوری کوشش کیساتھ کام کیا جائے صرف بے عنوانی نہونا چاہیے۔

نمبر ۴- اس معاملہ میں نوشہ خان ہیڈ کانسٹبل پولیس کی جانب سے پیروکار تھا اور اسکی بھی چند شکایتیں ہمارے پاس پہنچی ہیں۔ جواریوں کے معاملہ میں بھی اسکی شرکت ہے۔ جسکے کاغذات صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کے پاس زیر تحقیقات ہیں۔ نامبردہ کی حالت مشتبہ ہے ایسے مشتبہ شخص کو ملازم رکھنا مناسب نہیں۔ لہذا نوشہ خان ہیڈ کانسٹبل برخاست کیا جائے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

احکام برخاستگی حسب صراحت بالا صدر سے جاری ہوں۔ اور ایک ایک نقل روبکار ہذا بغرض اطلاع صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات و صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس کے پاس مرسل ہو۔ اور ایک نقل روبکار ہذا درج گزٹ کیجائے۔ اور صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات کو لکھا جائے کہ ملازمان آبکاری کو مضمون نمبر ۳ مندرجہ روبکار ہذا سے کافی طور پر متنبہ کر دیں۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
واقع ۱۰ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

جو مقدمات نگرانی و اپیل اجلاس اینجانب میں فیصل ہوتے ہیں بنظر مناسب انکا ایکدن جمعرات کو فیصلہ ہونا مناسب معلوم ہوتا ہے۔ آیندہ ایسے مقدمات میں تواریخ پیشی ہفتہ وار جمعرات کے دن مقرر ہوا کریں۔ اور مقدمات نگرانی دفعہ ۱۰۰

تعزیرات ہند میں جن مقدمات میں جو عدالت صاحب مجسٹریٹ میں فیصل کنندہ مقدمہ ابتدا میں دائر ہوں گی کورٹ انسپکٹر یا وکیل سرکار کو لازم ہے کہ ملزم کی نسبت یہ امر ثابت کرے کہ وہ کس سے غیر حاضری کے وقت پابند گیا ہے کہ پولیس کو اطلاع دیکر غیر حاضر ہوا اور بحکم بندگان حضور پرنور جن اشخاص کو ایسا حکم دیا گیا انمیں اس ملزم کا بھی نام ہے۔ اور اسکو اطلاع بھی اس حکم سے ہوچکی ہے جسکے خلاف کارروائی مقدمہ جاری ہے۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کو اس ہدایت کا خاص لحاظ رکھیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ ملازمان صدر مطلع ہوں۔ اور سررشتہ صدر سے اسکے احکام بھی جاری کرادیں اور برائے اطلاع عدالتہائے فوجداری کے ایک نقل اسکی درج گزٹ بھی کیجائے اور صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کو بھی اطلاع دیجائے۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
واقع ۱۰ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

ملاحظہ کاغذات سے واضح ہوا کہ دیہات کی گاڑیاں بھوسہ بغرض فروخت شہر میں آتی ہیں انکو سواران فوج جبریہ بلا ادائے محصول تہ بازاری لیجاتے ہیں جسکی بابت ٹھیکیدار تہ بازاری شاکی ہے جبکہ تہ بازاری کا ٹھیکہ منجانب سرکار ہوچکا ہے تو یہ طریقہ نامناسب ہے کیونکہ ایسے طرز عمل سے آیندہ ٹھیکہ تہ بازاری کی جمع بہت کم ہوجائیگی اور سرکاری نقصان ہوگا۔ نیز کسی خریدار کو اس عمل کا حق نہیں ہے۔ صاحب برگیڈ کمانڈر بہادر سواران فوج کو کافی ہدایت کردیں کہ آیندہ وہ ایسا نکریں۔ میونسپلٹی اور پولیس سے بھی نگرانی رکھی جائے تاکہ آیندہ یہ شکایت پیدا نہو۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے ایک نقل اسکی صاحب برگیڈ کمانڈر بہادر کے پاس اور ایک نقل صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس بھیجی جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
واقع ۱۱ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

۱- انسداد خفیہ فروشی کے متعلق اس سے قبل احکام جاری ہوچکے ہیں لیکن خارجاً معلوم ہوا ہے کہ خفیہ فروشی ابتک بند نہیں ہوئی ہے بلکہ اب گران قیمت پر فروخت ہوتی ہے۔

۲ - اس باب میں بھی قبل ازیں احکام جاری کردیے گئے ہیں کہ جو چوری ایک مدت معینہ تک (جسکی مدت روبکار سابقہ میں درج ہے) برآمد نہو تو پولیس معطل ہو اور رقم مسروقہ بذمہ پولیس عائد ہو اس حکم کے بعد چند چوریاں ہوئیں جو ابتک برآمد نہوئیں نہ انکی سراغرسانی ہوئی اگر یہی صورت رہی تو صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کو لازم ہوگا کہ روبکار سابقہ کی سختی سے پابندی کریں - لہذا

حکم ہوا کہ

ہر دو امور مندرجۂ بالا کی جانب خاص طور سے پولیس کو اور صرف نمبر ا کی بابت صیغہ آبکاری کو خاص توجہ چاہیے - انسداد خفیہ فروشی میں مبلغ کوشش کیجائے تاکہ آیندہ کوئی شکایت اس قسم کی مسموع نہو - سررشتۂ صدر سے ایک نقل اس روبکار کی صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت کے پاس اور ایک نقل صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس مرسل ہو - ایک نقل اندراج گزٹ کیلئے مطبع بھیجی جائے -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۱۱ مئی ۱۹۲۶ء

متصلات اور خاص شہر میں متعدد مویشی خانہ جات ہیں اور انکا انتظامی تعلق زیر ماتحتی صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت و تعمیرات تحصیلداران سے ہے تحصیلداران محال کا غذات مویشی خانہ جات صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت یہاں بھیجتے ہیں - چونکہ اکثر مویشیخانہ جات تحصیل متعلقہ سے دور ہیں اور تحصیلداران انکی نگرانی نہیں کرسکتے - نیز تحصیلداران ہمارے ڈپارٹمنٹ میں بھی نہیں ہیں اسلیے بنظر سہولت کار مناسب معلوم ہوتا ہے کہ آیندہ سے مویشی خانہ جات کا تعلق بجائے تحصیلداران کے صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس سے رہے اور متعلق اسٹیشن پولیس کے انچارج بھی نگرانی رکھیں اور راسان کی نیلامی کارروائی انکی یعنی افسر اسٹیشن کی موجودگی میں ہو - صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کاغذات مویشی خانہ جات صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت کو بھیجینگے جو یہانسے اجلاس ہذا میں آئینگے -

ہمنے حال میں دو تین مویشی خانہ جات کا معائنہ کیا حالت انکی ردی پائی - صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس اول اکبر تبہ جملہ مویشی خانہ جات کا انسپکشن کرکے مفصل حالات کی اطلاع صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت کو دیں - وہانسے مفصل حالت کی اطلاع اجلاس ہذا میں کیجائے - لہذا

حکم ہوا کہ

سررشتۂ صدر سے ایک ایک نقل اس روبکار کی برائے اطلاع تحصیلداران کے پاس اور صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت کے پاس مرسل ہو - ایک نقل صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس بھیجی جائے - ایک نقل مطبع کو اندراج گزٹ کے لئے مرسل ہو -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۱۴ مئی ۱۹۲۶ء

منشی ظہیر الحسن پیشکار اجلاس نہایت مستعدی و محنت سے کار متعلقہ انجام دے رہے ہیں ہم انکے کام سے نہایت خوش ہیں - لہذا فی الحال تنخواہ موجودہ میں آٹھ روپیہ ماہوار از صیغہ پرسنل بحیثیت اضافہ منظور کیا جاتا ہے -

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ صدر سے جاری ہوں - ایک نقل روبکار درج گزٹ کیجائے -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۱۴ مئی ۱۹۲۶ء

بتواریخ مختلف تھانہ جات کا معائنہ کیا گیا - امورات ذیل قابل دریافت ہیں -

نمبر ۱ - احمد نبی خان سب انسپکٹر متعینہ کوتوالی ایک ماہ کی رخصت پر ہیں انکو رخصت کس حکم سے ملی ہے -

نمبر ۲ - چھیلا خان سب انسپکٹر متعینہ کوتوالی پندرہ روز کی رخصت پر ہیں انکو بھی رخصت کس حکم سے دیگئی ہے -

نمبر ۳ - عزیز الرحمن خان کانسٹبل جسکی ڈیوٹی شرکت چوکی نورہ پر بتاریخ ۱۳ مئی ۱۹۲۶ء وقت شام تھی حاضر نہ تھا - جواب طلب کیا جائے اور اسپر ایک روپیہ جرمانہ ہو -

نمبر ۴ - سید واحد علی سب انسپکٹر ٹھوٹھانی کا اعمالنامہ ملاحظہ کرنا مقصود ہے - سررشتۂ پولیس سے طلب ہو -

نمبر ۵ - گنج میں کانسٹبل غیر حاضر تھا صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس اسکا جواب دیں لہذا

حکم ہوا کہ

بترسیل نقل روبکار ہذا صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کو لکھا جائے کہ امورات مصرحہ بالا کی بابت مفصل حالت سے جلدتر اطلاع دیجائے - صدر سے احکام جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۱۷ لغایتہ ۲۳ مئی ۱۹۲۷ء

کیفیت	ٹانڈہ	سوار	بلاسپور	ملک	شاہ آباد	حضور تحصیل	نام جنس
	۷ ار	۶۰ ار	۰	۶ ار	۶ ر ار	۶ ار	گندم
	۸ ار	۹ ار	۰	۸۰ ار	۵ ار	۷۰ ر ار	نخود خالص
	۸۰ ار	۹۰ ار	۰	۵۰ ار	۵ ار	۸ ار	نخود کستہ آمیز
	۹ ار	۱۰ ار	۰	۹ ار	۱۰ ار	۸۰ ار	کستہ
	۵ ار	۵۰ ار	۰	۵ ار	۴ ار	۵ ار	ماش
	۵ ار	۰	۰	۰	۵ ار	۶ ار	مونگ
	۹ ار	۰	۰	۰	۰	۹ ار	مکئی
	۱۰ ار	۱۱۰ ار	۰	۱۰۰ ار	۰	۱۰۰ ار	جئی
	۸ ار	۱۱۰ ار	۰	۹ ار	۸ ار	۱۰۰ ار	گوجئی
	۶ ار	۷ ار	۰	۸ ار	۷ ار	۶ ار	عدس
	۶ ار	۶۰ ار	۰	۶۰ ار	۶۰ ار	۵۰ ار	ارہر
	۵ ار	۶ ار	۰	۵ ار	۵ ار	۵۰ ار	برنج
	۰ ار	۰ ار	۰	۸۰ چھٹانک	۷ چھٹانک	۶ چھٹانک	روغن زرد
	۱۰ ار	۱۰ ار	۰	۱ ر ار	۱۰ ار	۱ ر ر ار	روغن سیاہ
	۱ ار	۱ ار	۰	۰	۱ ار	۱ ر ار	روغن کنجد
	۱۳ ار	۱۳ ار	۰	۱۳	۱۰ ار	۱۲ ار	نمک سانبھر
	۸ ار	۰	۰	۶ ار	۶ ار	۶ ار	نمک لاہوری
	۸ ار	۷ ار	۰	۷ ار	۵۰ ار	۷ ار	قند سیاہ
	۸ ار	۰	۰	۰	۰	۶۰ ار	باجرہ

نقشہ گوشوارہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور بابت سہ ماہی دوم من ابتداء جنوری ۱۹۲۷ء لغایت مارچ ۱۹۲۷ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد – مسلمان	مرد – ہنود	عورت – مسلمان	عورت – ہنود	میزان	تفصیل بہ مذہب – مسلمان	تفصیل بہ مذہب – ہنود	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک – مرد	ایک سال سے ۵ سال تک – عورت	۵ سال سے ۱۲ سال تک – مرد	۵ سال سے ۱۲ سال تک – عورت	۱۲ سال سے زیادہ – مرد	۱۲ سال سے زیادہ – عورت	میزان – مرد	میزان – عورت	تفصیل بہ مذہب – مسلمان	تفصیل بہ مذہب – ہنود	تفصیل امراض – [illegible]	تفصیل امراض – [illegible]	تفصیل امراض – [illegible]	تفصیل امراض – [illegible]	تفصیل امراض – [illegible]	تفصیل امراض – [illegible]	تفصیل امراض – [illegible]	میزان کل اموات از نمبر ۱۵ لغایت ۲۵	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوٹھی	۲۸	۲۳	۳۷	۷	۱۳۵	۱۰۵	۳۰	۴۷	۲۹	۹	۱	[illegible]	[illegible]	۱۰۶	۹۹	۱۳۸	۳۷	۰	۳۱	۰	۱۴۴	۰	۰	۰	۱۷۵	
گنج	۳۵	۴	۲۱	۲	۷۰	۶۰	۱۰	۲۷	۳۴	۳	۱	۳۰	۴۲	۴۸	۳۹	۱۱۷	۱۰	۱۰	۷	۰	۱۰۰	۰	۰	۰	۱۱۷	
حوالی شہر	۳۱	۲۶	۲۰	۱۱	۸۸	۵۱	۳۷	۱	۳			۴۳	۱۶	۲۲	۱۹	۲۵	۱۸	۰	۰	۰	۴۳	۰	۰	۰	۴۳	
عظیم نگر	۹۳	۶۲	۲۳	۴۷	۲۶۴	۱۵۷	۱۱۹	۲۷	۲۷	۲	۳	۸۶	۴۵	۱۱۴	۷۵	۹۹	۹۰	۰	۳	۰	۱۸۴	۰	۲	۰	۱۸۹	
شاہ آباد	۴۸	۶۴	۲۳	۷۰	۲۲۵	۸۱	۱۴۴	۴۶	۲۸	۲۶	۲۲	۹۱	۶۰	۱۹۱	۱۱۲	۹۶	۱۷۷	۰	۲۵	۰	۲۳۶	۰	۰	۱۲	۲۷۳	
پنوائی	۲۱	۶۴	۱۹	۶۱	۱۶۵	۴۰	۱۲۵	۱۲	۶	۳	۰	۴۴	۴۶	۵۹	۳۲	۱۲	۷۹	۰	۰	۰	۹۱	۰	۰	۰	۹۱	
ملک	۲۶	۱۹۰	۲۲	۱۵۶	۳۹۴	۴۸	۳۴۶	۴۴	۲۴	۸	۷	۱۴۱	۹۱	۱۹۳	۱۲۲	۴۳	۲۷۴	۰	۴	۰	۳۱۳	۰	۰	۰	۳۱۷	
بلاسپور	۴۳	۵۴	۵۹	۴۶	۲۱۲	۱۱۲	۱۰۰	۵	۶	۲۵	۸	۳۳	۲۱	۶۳	۳۵	۵۷	۴۱	۰	۰	۹۸	۰	۰	۰	۰	۹۸	
کیمری	۴۴	۹۱	۳۰	۴۳	۲۰۸	۹۲	۱۵۲	۱۲	۱۲	۲	۳	۵۸	۴۲	۷۲	۴۷	۳۶	۸۳	۰	۰	۱۱۷	۲	۰	۰	۰	۱۱۹	
سوار	۸۴	۴۳	۳۲	۳۱	۱۹۲	۱۱۸	۷۴	۱۰	۱۰	۵	۸	۵۶	۴۵	۷۱	۷۳	۸۳	۵۱	۰	۰	۰	۱۳۳	۰	۰	۱	۱۳۴	
ٹانڈہ	۹۴	۵۷	۷۰	۶۱	۲۸۲	۱۶۴	۱۱۸	۱۰	۱۲	۳	۰	۴۸	۳۸	۸۱	۶۰	۹۳	۴۸	۰	۰	۰	۱۴۱	۰	۰	۰	۱۴۱	
میزان	۵۹۱	۶۰۸	۴۰۹	۵۵۹	۲۳۵۲	۹۹۰	۱۳۶۲	۲۳۰	۱۸۵	۴۹	۵۶	۴۳۴	۳۴۳	۱۰۱۲	۶۰۵	۷۹۰	۹۰۷	۱۰	۲۰	۲۱۵	۱۴۸۴	۰	۲	۱۳	۱۶۹۲	